nystateofhealth
The Official Health Plan Marketplace

صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کے خاتمے کا کال اسکرپٹ

اجراء کا خلاصہ

اہم تبدیلیاں کی جا رہی ہیں۔ نئے وفاقی قوانین میں New York State 2023 کے موسمِ بہار میں عوامی پروگرام کے اندراج یافتگان کے لیے اہلیت کے از سرِ نو تعین کا آغاز کرنے کا تقاضا کیا جائے گا۔ ان عوامی پروگرامز کے لیے (PHE) یسنجرمیا یک ہماع تحصہ COVID-19 کی مسلسل کوریج کے تقاضوں کے باعث Medicaid، (CHP) Child Health Plus اور (EP) Essential Plan کے ان اندراج یافتگان کو 2020 کے اوائل سے اپنی صحت کی انشورنس کی تجدیدِ نو کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جنہیں مارچ 2020 میں فیملیز فرسٹ کرونا وائرس رسپانس ایکٹ (Families First Coronavirus Response Act) کی جانب سے اختیار کیا گیا تھا۔ تاہم، دسمبر 2022 کے جامع مدبندیوں کے ایکٹ (Consolidated Appropriations Act) میں شامل کردہ نئے قواعد 2023 کے موسمِ بہار سے شروع ہو کر مسلسل کوریج کے تقاضوں کو ختم کرتے ہیں۔

ان پروگرامز کے اندراج یافتگان کو ان کے اندراج کی اختتامی تاریخوں کی بنیاد پر تجدیدی نوٹس ارسال کیے جائیں گے، اس عمل کا آغاز 2023 کے موسمِ بہار سے ہو گا۔ تجدیدی نوٹسز میں اپنی انشورنس کی تجدید کے لیے کارروائی کرنے کی آخری تاریخ یا کوریج میں توقف آ جانے کا خطرہ شامل ہو گا۔ آخری تاریخوں کا انحصار اندراج یافتگان کے اندراج کی اختتامی تاریخوں پر ہو گا اور یہ 30 جون، 2023 سے 31 مئی، 2024 تک کی ہوں گی۔

سوالات و جوابات

سوال: میں کس طرح اس تبدیلی کی تیاری کروں؟

اگر آپ نے NY State of Health کے ذریعے اندراج کروایا ہے: یقینی بنائیں کہ NY State of Health کے پاس آپ کا موجودہ ڈاک کا پتہ، فون نمبر اور ای میل ایڈریس موجود ہو تاکہ وہ آپ کی ہیلتھ انشورنس کے بارے میں آپ سے رابطہ کر سکیں۔ اپنی معلومات میں ترمیم کرنے کے لیے:

- NY State of Health کو 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220) پر کال کریں
- nystateofhealth.ny.gov پر اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، یا
- اندراج کے معاون سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کا کوئی معاون نہیں تو آپ https://info.nystateofhealth.ny.gov/findassistor پر تلاش کر سکتے ہیں۔

NY State of Health کی جانب سے ٹیکسٹ کے ذریعے اطلاعات موصول کرنے کے لیے سائن اپ کریں تاکہ آپ ہیلتھ انشورنس کی اہم خبریں بشمول اپنی کوریج کی تجدید کرنے کا وقت ہونے پر اطلاع حاصل کرنے سے محروم نہ رہیں۔ سبسکرائب کرنے کے لیے START لکھ کر 1-866-988-0327 پر ٹیکسٹ کریں۔

اگر آپ نے اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات (LDSS) یا نیو یارک سٹی انتظامیہ برائے انسانی وسائل (HRA) کے ذریعے اندراج کروایا ہے: یقینی بنائیں کہ LDSS یا HRA کے پاس آپ کا حالیہ پتہ، فون نمبر یا رابطے کی دیگر معلومات موجود ہوں۔

- ہر LDSS اور HRA کا فون نمبر اور پتہ https://health.ny.gov/health_care/medicaid/ldss.htm پر دستیاب ہے۔

سوال: مجھے کیسے معلوم ہو گا کہ ہیلتھ انشورنس کی تجدید کروانے کا وقت ہو گیا ہے؟

جب آپ اور/یا آپ کی فیملی کے ارکان کے لئے ہیلتھ انشورنس کی تجدید کروانے کا وقت ہو گا تو آپ کو ایک نوٹس اور دیگر مواصلت موصول ہو گی۔ اپنے نوٹس میں درج تاریخ تک ہدایات پر عمل کریں۔

سوال: میں اپنے اندراج کی آخری تاریخ سے متعلق معلومات کہاں سے حاصل کروں؟

آپ کو اپنے اندراج کی آخری تاریخ سے قبل اپنا تجدیدی نوٹس موصول ہو گا۔ اگر آپ اپنے تجدیدی نوٹس پر موجود ہدایات پر عمل نہیں کرتے تو آپ کی انشورنس آپ کے اندراج کی آخری تاریخ کے ساتھ ہی ختم ہو جائے گی۔

- اگر آپ Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan میں NY State of Health کے ذریعے اندارج کرتے ہیں، تو آپ درج ذیل طریقوں سے اپنے اندراج کی آخری تاریخ تلاش کر سکتے ہیں:
  - nystateofhealth.ny.gov پر اپنے NY State of Health کے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، پھر اسکرین کی بالائی جانب موجود 'پلانز' کے ٹیب پر کلک کریں۔
  - 1-855-355-5777 پر کسٹمر سروس سینٹر کو کال کریں۔
  - اپنے اندراج کے معاون کار سے رابطہ کریں۔ اگر آپ پہلے سے کسی اندراج کے معاون کار کے ساتھ مصروفِ عمل نہیں ہیں، تو https://info.nystateofhealth.ny.gov/findassistor پر کوئی تلاش کریں۔
- اگر Medicaid میں آپ کا اندراج آپ کی کاؤنٹی کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات (LDSS) کے ذریعے یا نیویارک سٹی کی انتظامیہ برائے انسانی وسائل (HRA) کے ذریعے ہوا ہے، تو آپ اپنے اندراج کی آخری تاریخ معلوم کرنے کے لیے اس آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کی معلومات https://www.health.ny.gov/health_care/medicaid/ldss.htm پر دستیاب ہیں۔

سوال: مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

- اگر آپ کا اندراج Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan میں NY State of Health کے ذریعے ہوا ہے تو آپ کو درپیش کسی بھی سوال کے لئے 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220) پر کال کریں۔ آپ https://info.nystateofhealth.ny.gov/COVID-19-Changes پر بھی اس بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔
- اگر Medicaid میں آپ کا اندراج آپ کی کاؤنٹی کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات (LDSS) یا نیویارک سٹی کی انتظامیہ برائے انسانی وسائل (HRA) کے ذریعے ہوا ہے، تو کوئی بھی سوال ہونے کی صورت میں اس دفتر سے رابطہ کریں۔ آپ https://www.health.ny.gov/health_care/medicaid/changes پر بھی اس سے متعلق مزید جان سکتے ہیں۔